© rasailojaraid.com



دلائل پیش کرنے والوں کو آج اس افراط و تفریط سے بچنے کی ضرورت ہے۔ ورنہ اگر ہر قسم کی موسیقی کو خواہ وہ کتنی بھی موجب لہو ولعب ہو شرعی ہونے کی سند دیدی گئی، تو لازماً اس کا رد عمل بھی شدید ہوگا۔

## اسلام اور فطرت

مولانا شاہ محمد جعفر پھلواروی نے اس کتاب میں پہلے تو فطرت پر مفصل بحث کی ہے اور بتایا ہے کہ اس سے کیا مراد ہے۔ پھر اسلام کے اوامر و نواہی کو فطرت کے معیار سے جانچا ہے' اور ثابت کیا ہے کہ یہ سب فطرت سلیمہ پر مبنی ہیں۔ اور یہ کہ اسلام کے پیش نظر اسی فطرت سلیمہ کو انسانوں کی دوسری تنگ فطرتوں پر غالب کرنا ہے۔

**ناشر** ادارہ ثقافت اسلامی پاکستان لاہور۔ **قیمت** ۲٫۲۵ روپے۔

## مسائل ازدواج

زیر نظر کتاب میں پہلے تو نکاح' طلاق، مہر و نفقہ، رضاعت اور وراثت کے بارے میں جو اسلامی احکام ہیں ان کا اجمالاً ذکر ہے اور نہایت آسان زبان اور قابل فہم اسلوب میں انہیں پیش کیا گیا ہے۔ یہ کتاب کا پہلا حصہ ہے۔ اور ۸۶ صفحات پر مشتمل ہے۔ دوسرے حصے میں مسلم خاندانی قوانین کے آرڈیننس کا خلاصہ درج ہے اور کتاب کے آخری حصہ میں اسی آرڈیننس کے خاندانی قوانین کے جو مستند ماخذ ہیں ان کے حوالے دیئے گئے ہیں۔

نکاح طلاق، مہر و نفقہ اور وراثت کے مسائل اب مخصوص علما تک محدود نہیں رہے کہ خاص حالتوں میں ہی ان کی طرف رجوع کرنا کافی ہو۔ نئی معاشرتی بیداری اور اس سے پیدا ہونے والے حالات کی وجہ سے اور پھر خاندانی قوانین کے آرڈیننس کے نفاذ کے بعد ان مسائل سے واقفیت ہر ایک کے لئے ضروری ہو گئی ہے۔ مولانا محمد حسام الدین خان غوری نے یہ کتاب مرتب کر کے اس ضرورت کو بڑے احسن طریقے سے پورا کرنے کی کوشش کی ہے۔

زیر نظر کتاب دارالادب پاکستان پٹیل پاڑہ کراچی نمبر ۵ نے شائع کی ہے **ضخامت**: ۱۶۰ صفحے **قیمت** دو روپے

: ٥ :

(م، س)

© rasailojaraid.com